© rasailojaraid.com

# اکابر علماء کا مشترکہ بیان

یکم ستمبر کو کراچی میں باہمی مفاہمت کے سلسلہ میں حسب ذیل علماء کرام کے درمیان ایک بند کمرے میں مذاکرات ہوئے جو کئی گھنٹے تک جاری رہے۔ ان مذاکرات کے بعد حسب ذیل مشترکہ بیان جاری کیا گیا۔ جو شریک اشاعت ہے۔ ــــــ ادارہ ــــــ

کچھ روز سے بعض اخباری بیانات اور اسلام دشمن عناصر کی ریشہ دوانیوں سے جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں کے مابین جو اختلافات اور کشیدگی پیدا ہو گئی ہے اس کو دور کرنے اور باہم ایک دوسرے سے قریب کرنے کیلئے مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مولانا محمد یوسف بنوری صاحب، مولانا اطہر علی صاحب، مولانا عبدالحق حقانی صاحب اور مولانا احتشام الحق صاحب تھانوی پر مشتمل ایک کمیٹی مفتی محمود صاحب، اور مولانا غلام غوث ہزاروی صاحب کی منظوری سے قائم کی گئی ہے۔ یہ کمیٹی مفاہمت اور مصالحت کے مذاکرات جاری رکھے گی۔

سر دست اس کمیٹی کے ارکان اور مفتی محمود صاحب و مولانا غلام غوث ہزاروی صاحب نے بالاتفاق اعلان کیا ہے کہ مفاہمت کی گفتگو جاری رہے۔ فریقین میں سے ہر ایک اپنے اپنے کام کو جاری رکھتے ہوئے کسی دوسرے پر تقریروں یا اخباری بیانات میں حملے نہ کریں اور ہر فریق دوسرے کا احترام باقی رکھے۔

۱۔ مولانا مفتی محمد شفیع صاحب ۲۔ مولانا محمد یوسف بنوری صاحب

۳۔ مولانا احتشام الحق صاحب تھانوی ۴۔ مفتی محمود صاحب

۵۔ مولانا غلام غوث ہزاروی صاحب ۶۔ مولانا عبدالحق صاحب حقانی اکوڑہ خٹک

۷۔ مولانا اطہر علی صاحب کشور گنج مشرقی پاکستان

© rasailojaraid.com